فوری ریلیز کے لیے: 15/8/2022 — گورنر ***KATHY HOCHUL***

***LIRR کے نئے تیسرے ٹریک پر پہلی رسمی سواری کے لیے گورنر HOCHUL کی MTA چیئر کے ساتھ شمولیت***

***تین میل طویل سیکشن فلورل پارک سے میریلن ایونیو تک جاتا ہے***

***ٹریک کا نیا حصہ خلل کے حالات کے دوران LIRR کو مزید لچکدار بناتا ہے***

***صارفین اس سال کے آخر میں گرانڈ سینٹرل میڈیسن ٹرمینل کے کھلنے پر سروس کے اضافی اختیارات دیکھیں گے***

گورنر Kathy Hochul نے آج، میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (MTA) کے رہنماؤں کے ساتھ پہلی رسمی سواری میں شرکت کی، اور لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کے نئے مین لائن تھرڈ ٹریک کے پہلے حصے کو کھولنے کا اعلان کیا۔ حکام نے فلورل پارک اور میریلن ایونیو اسٹیشنوں کے درمیان ابھی حال ہی میں کھلے تین میل کے ٹریک پر سواری کی، اپ گریڈ کردہ نیو ہائیڈ پارک اسٹیشن پر سفر کا اختتام ہوا۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "تیسرے ٹریک کا افتتاح مسافروں اور مہمانوں کے لیے دہائیوں میں تشکیل پانے والا ایک بہت بڑا سنگ میل ہے۔ اس غیر معمولی منصوبے کی بدولت، LIRR ٹرینیں زیادہ کثرت سے چلیں گی اور مسافر پہلے سے کہیں زیادہ ہمواری سے سفر کریں گے۔ MTA میں ہمارے شراکت داروں اور منظم محنت کش خواتین و حضرات نے وقت پر، بجٹ میں رہتے ہوئے منصوبہ مکمل کیا - اور یہ جشن منانے کے قابل بات ہے"۔

LIRR کی مین لائن کا توسیعی منصوبہ لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کو تبدیل کرنے اور جدید بنانے کے لیے 100 منصوبوں میں 17.7$ بلین کی بے مثال سرمایہ کاری کا جزو ہے جس میں اس سال گرینڈ سینٹرل میڈیسن کے لیے سروس کا افتتاح، مزید کشادہ Penn سٹیشن پر LIRRکے مزید کشادہ اجتماعی مقام اور 33ویں سٹریٹ پر ایک نئے داخلی راستے کی تعمیر، 36 سٹیشنوں اور 17 پلوں کی تجدید اور انہیں بہتر بنانے کا عمل، ایک ہی سطح پر آٹھ ریل روڈ کراسنگز کا خاتمہ، مثبت ٹرین کنٹرول سیفٹی سسٹم کی فعالیت، فارمنگڈیل اور رونکونکوما کے درمیان دوسرے ٹریک کے 13 میل کا اضافہ، 15 الیکٹریکل سب سٹیشنز، پارکنگ کی گنجائش میں اضافہ، احاطے کی توسیع، اور بہت کچھ شامل ہے۔ تبدیلی لانے والی ان سرمایہ کاریوں کے علاوہ، MTA کا ارادہ ہے کہ NJ TRANSIT اور Amtrak کے ساتھ مل کر، اس سال کے آخر میں Penn سٹیشن کو ایک جدید، کشادہ، عالمی سطح کے سنگل لیول ٹرمینل میں دوبارہ تعمیر کرنے کے لیے وفاقی فنڈ حاصل کرے جو قدرتی روشنی سے روشن ہوتا ہو۔

تیسرے ٹریک پر بڑی تعمیر سنہ 2018 کے آخر میں شروع ہوئی اور جب اس سال کے آخر میں مکمل طور پر کھول دی جائے گی تو مین لائن راہداری کے ساتھ سفر کرنے والے مسافروں کے پاس بڑے پیمانے پر آمد و رفت کا ایک ذریعہ ہو گا جو سڑک پر بھیڑ کو کم کرتا ہو اور حفاظت کو بہتر بناتا ہو۔ لانگ آئی لینڈ کے کاروباروں کو حقیقی دو طرفہ LIRR سروس کے فوائد حاصل ہوں گے جس سے معاشی مواقع کو فروغ ملے گا، علم کی معیشت کو بڑھاوا ملے گا اور ملازمتوں اور تفریح تک زیادہ رسائی ملے گی۔

جب گرینڈ سینٹرل میڈیسن کے افتتاح کے ساتھ ملایا جائے تو LIRR کا تیسرا ٹریک مین لائن پر مزید سروس چلانے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے۔ نیو ہائیڈ پارک میں سروس میں 67 فیصد اضافہ ہو گا۔ فی الحال، ہفتے کے دنوں میں 56 ٹرینیں چلتی ہیں۔ نئی ترتیبِ کار کے تحت 94 چلیں گی۔

MTA کے چیئرمین اور سی ای او Janno Lieber نے کہا، "لانگ آئی لینڈ کے قائدین کئی نسلوں سے تیسرے ٹریک کو شامل کرنے کے بارے میں باتیں کرتے رہے ہیں اور آخرکار یہ بن گیا ہے۔ MTA لانگ آئی لینڈ میں اربوں کی سرمایہ کاری کر رہا ہے اور نتائج واضح ہیں: زیادہ کثرت سے سروس اور زیادہ بھروسہ مندی، لانگ آئی لینڈ کے کاروباروں کو محنت کشوں ایک بہت بڑے گروہ تک رسائی دینے کے لیے پہلی بار واپسی سفر کی سروس کے ساتھ"۔

**LIRR کی عبوری صدر اور میٹرو نارتھ ریل روڈ کی صدر Catherine Rinaldi نے کہا،** "LIRR تیسرے ٹریک کا آغاز ہو گیا ہے اور اب رونکونکوما، پورٹ جیفرسن/ہنٹنگٹن اور اوئسٹر بے برانچ کے صارفین کو آخرکار اس تبدیلی لانے والے منصوبے کے فوائد نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔ تیسرے ٹریک کی ٹیم نے سٹیشنوں کو جدید سہولیات کے ساتھ اپ گریڈ کیا ہے، ایک زیادہ لچکدار نظام بنایا ہے جو سروس کی رکاوٹوں کو بہتر طریقے سے سنبھال سکتا ہے، اور LIRR کے صارفین کے لیے باسہولت واپسی کا سفر کرنا آسان بنا دیا ہے"۔

**MTA کنسٹرکشن اینڈ ڈیولپمنٹ کے صدر Jamie Torres-Springer نے کہا،** " LIRR تیسرے ٹریک کے پہلے بلاک کو شروع کرنا ایک اہم سنگ میل ہے کیونکہ ہم نے لانگ آئی لینڈ والوں کے لیے اس تبدیلی لانے والے منصوبے کو بروقت اور کم بجٹ میں مکمل کیا ہے۔ اپنی افرادی قوت کی ذہانت اور محنت کی بدولت، ہم نے ایسا کیا ہے جب کہ ہمسایہ علاقوں کے لیے رکاوٹ کو کم سے کم کیا ہے اور، ناگزیر طور پر، سروس کو برقرار رکھتے ہوئے اور اپنے 10 میل طویل کام کے علاقے میں سے روزانہ سینکڑوں ٹرینیں گزارتے ہوئے ایسا کیا ہے۔ یہ منصوبہ ہمارا آگے بڑھنے کا ماڈل ہے کیونکہ ہم اپنے صارفین کے لیے بہتر، تیز اور سستے فوائد فراہم کرتے ہیں۔"

فلورل پارک سے ہکس وِل تک اس تیسرے ٹریک کی تعمیر سے ٹرینوں کی بھیڑ اور تاخیر میں کمی آئے گی اور زیادہ قابلِ بھروسہ ریل نیٹ ورک کے ساتھ انتہائی مصروفیت کے اوقات کے دوران حقیقی دو طرفہ خدمات کو ممکن بنایا جائے گا۔

نیو ہائیڈ پارک اور میریلن ایوینیو سٹیشنوں کو توسیع شدہ پلیٹ فارموں، ڈیجیٹل اشاروں، پلیٹ فارم کی نئی کینوپیوں، فرنشننگ اور لوازمات بشمول بینچ، شیلٹرز اور اشارے، حفاظت کو بہتر بنانے کے لیے سی سی ٹی وی سیکیورٹی کیمرے، وائی فائی؛ یو ایس بی چارجنگ سٹیشنوں، فن پاروں، بائیک کے نئے ریکوں اور سبزے والی جگہوں والے پلازوں کے ساتھ اپ گریڈ کیا گیا ہے۔
ہر سٹیشن اب زیادہ ADA قابل رسائی ہے جس میں نئے ریمپ، پیدل چلنے والوں کے اوور پاس اور ADA پارکنگ کی نئی جگہیں شامل ہیں۔

نیو ہائیڈ پارک اور میریلن ایوینیو سٹیشنوں کے درمیان تین ریل روڈ کراسنگ (نیو ہائیڈ پارک روڈ، ساؤتھ 12تھ سٹریٹ، کوورٹ ایوینیو) کو ختم کر دیا گیا، جس سے ایک محفوظ اور زیادہ قابلِ اعتماد ریل روڈ بنا۔ ان ایک ہی سطح کی کراسنگ کو ختم کرنے سے ماحول کو فائدہ ہوتا ہے کیونکہ LIRR ٹرینوں کے گزرنے کے بعد کراسنگ گیٹوں کے پیچھے رکی ہوئی گاڑیاں نہیں رہیں گی۔ یہ ان آٹھ میں سے تین کراسنگ ہیں جنہیں تیسرا ٹریک منصوبے کے حصے کے طور پر مجموعی طور پر ختم کر دیا گیا ہے، اور ان ایک ہی سطح کی کراسنگوں کو ختم کرنے کی ضرورت کو سنہ 2007 سے سنہ 2017 کے درمیان LIRR مین لائن راہداری میں ایک ہی سطح پر کراسنگ کے مقامات پر چھ مہلک تصادموں نے مزید واضح کیا تھا۔

قریبی رہائشیوں کو اب ٹرین کے ہارن اور کراسنگ گھنٹیوں کی آوازیں سننا نہیں پڑیں گی۔ کراسنگ گیٹوں کی بندش اور ریلوے پلوں سے زیادہ اونچائی والے ٹرکوں کے تصادم کی وجہ سے ٹریفک متبادل راستوں سے گزارنا بھی ماضی کی بات ہو گی۔

LIRR مین لائن توسیعی منصوبہ بروقت چل رہا ہے اور 100$ ملین بجٹ کے اندر ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر |press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

*ان سبسکرائب کریں*